انشائیہ طرز	نہم لاہور بورڈ 2019ء	اردو (لازمی)
کل نمبر: 60	(پہلا گروپ)	وقت: 2 گھنٹے 10 منٹ

......حصہ اول......

2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے)

حصہ نظم:

(i) جچتا نہیں نظروں میں یاں خلعتِ سلطانی
کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا

(ii) جیوں تیرے در پر، مروں تیرے در پر
یہی مجھ کو حسرت، یہی آرزو ہے

(iii) بادل ہوا کے اوپر ہو مست چھا رہے ہیں
جھڑیوں کی مستیوں دھومیں مچا رہے ہیں

(iv) ہے تیرے گلستان میں بھی فصلِ خزاں کا دور
خالی ہے جیبِ گل، زرِ کامل عیار ہے

حصہ غزل:

(v) جان تم پر نثار کرتا ہوں
میں نہیں جانتا دعا کیا ہے

(vi) بیٹھے [illegible] لکھے وصفِ دندانِ یار
قلم اپنا [illegible] پرویا [illegible]

(vii) بلبل کو باغباں سے نہ صیاد سے گلہ
قسمت میں قید لکھی تھی فصلِ بہار میں

......حصہ دوم......

3- درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ 5, 5

(الف) مرزا غالب کے اخلاق نہایت وسیع تھے۔ وہ ہر شخص سے جو اُن سے ملنے جاتا تھا، بہت کشادہ پیشانی سے ملتے تھے۔ جو شخص ایک دفعہ اُن سے ملتا، اُسے ہمیشہ ملنے کا اشتیاق رہتا تھا۔ دوستوں کو دیکھ کر باغ باغ ہو جاتے تھے اور اُن کی خوشی سے خوش اور غم سے غمگین ہوتے تھے۔ اس لیے اُن کے دوست ہر مذہب اور ملت کے، نہ صرف دِلّی میں بلکہ تمام ہندوستان میں بے شمار تھے۔

(ب) یہ بنگلا کم و بیش دو ایکڑ قطعہ زمین میں واقع تھا، یعنی قسامِ ازل نے ہی اسے خاصا شاہانہ طول و عرض بخشا تھا۔ عمارت کے سامنے وسیع چمن تھا جس کے حاشیے پر مہندی [illegible] باڑ کے سرے پر، نیزوں اونچے سرو اور سفیدے کے پیڑ لہلہاتے تھے۔

4- درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ (10)

(i) ہجرتِ نبویؐ سے کیا مراد ہے؟
(ii) انسان کب سخت کاہل اور وحشی ہو جاتا ہے؟
(iii) حضرت بی کون تھیں اور انہوں نے سلیم کو کیا نصیحت کی؟
(iv) مضمون نگار کے والد نے کس طرح اسے تسلی دی؟
(v) بیماری کے باوجود میاں دفتر جانے کے لیے کیوں تیار ہو جاتا ہے؟
(vi) بادِ صبا گھر گھر کیا پیغام لیے پھرتی ہے؟
(vii) شاعر کے دل میں کیا حسرت اور آرزو ہے؟
(viii) برہمن کو کس بات کی حسرت رہی؟

5- کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (5)

(i) کاہلی (ii) پنچایت

6- نظم ”برسات کی بہاریں“ کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (5)

7- اپنے دوست کے نام خط لکھیے اور اسے اپنی بہن کی شادی سادگی سے کرنے کی تلقین کیجیے۔

یا ہیلتھ آفیسر کے نام درخواست لکھیے جس میں اپنے محلے کی صفائی کروانے کو کہیے۔ (10)

8- ایک کہانی لکھیے جس کا عنوان ”انگور کھٹے ہیں“ ہو۔

یا دو طالب علموں کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے جس میں تعلیمی کمزوریوں پر گفتگو ہو۔ (5)

9- درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ (5)

(i) اسلم نے کراچی جانا ہے۔ (ii) [illegible] کتاب پڑھنا ہے۔
(iii) طارق اخبار خریدا۔ (iv) آبرو مٹی میں ملانا۔
(v) ریوڑ جنگل میں چر رہی ہے۔

یا درج جملوں کی تکمیل کیجیے۔

(i) پاک رہو...... (ii) تخم تاثیر......
(iii) بوڑی گھوڑی...... (iv) آپ آئے......
(v) خدمت سے......